
باب 2



# فطرت میں بناوٹ

پنچ تنتر، ہِت اُپدیش اور جاتک کہانیاں زیادہ تر جنگلوں میں پیش آئی ہیں۔قدرت میں حیرت انگیز شکلیں، رنگ، نمونہ اور بناوٹ پائے جاتے ہیں۔

کھردری، ہموار، ابھری ہوئی، نرم، اور ان کے درمیان کی تمام چیزیں بناوٹ کو چھو کر محسوس کی جاسکتی ہیں۔

اس باب میں آپ باہر جاکر اپنے قدرتی ماحول میں پائی جانے والی بناوٹوں کا مشاہدہ کریں گے۔

پھر آپ مختلف طریقوں کو سیکھ کر اپنا کلپ ورِکش یا خواہش پوری کرنے والا درخت تخلیق کریں گے۔جن میں شامل ہیں:

- **فروتاژ**—بناوٹ والی سطحوں پر رگڑ کر ان کے پیٹرن کو حاصل کرنا۔
- **کولاژ**—کاغذ، پتے وغیرہ کے ٹکڑے کاٹ کر کسی سطح پر چپکانا۔
- **پتے کی پرنٹنگ**—پتے کی سطح کی پینٹنگ کر کے اسے کسی اور سطح پر دبانا۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 2.1 ایک خواہش پوری کرنے والے درخت کا تصور کریں




اپنے ارد گرد کے درختوں یا درختوں کی تصویروں کو دیکھیں اور مندرجہ ذیل موضوعات پر گفتگو کریں:

- ان کا سائز — کیا وہ لمبے، کم اونچائی والے، بڑے یا چھوٹے ہیں؟
- ان کے حصے — تنا، شاخیں، پتے، پھول، پھل، کانٹے، جڑیں وغیرہ۔
- آپ کون سی لکیریں، شکلیں، رنگ اور بناوٹ دیکھتے ہیں؟

تصور کریں کہ آپ ایک جادوئی جنگل میں ہیں جہاں آپ اپنا **کلپ ورِکش یا خواہش پوری کرنے والا درخت** بنا سکتے ہیں!

درخت ہمیں بہت سی چیزیں دیتے ہیں — سانس لینے کے لیے آکسیجن، پھل، سایہ اور بہت کچھ۔




### کیا آپ جانتے ہیں؟

قدیم متون میں کلپ ورِکش کا ذکر ایک ایسے درخت کے طور پر کیا گیا ہے جو خواہشیں پوری کرتا ہے۔

- آپ کون سا درخت بنانا چاہیں گے؟
- یہ کسی بھی سائز، شکل یا رنگ کا ہو سکتا ہے۔
- اپنے درخت کے لیے دو سے تین خیالات کا خاکہ بنائیں۔

© NCERT not to be republished

## اپنا درخت بنانے کے لیے آپ کی جگہ

© NCERT
not to be republished

## سرگرمی 2.2 فروتاژ

بناوٹ والی سطحوں پر رگڑ کر ان کے نمونوں کو حاصل کرنے کے عمل کو فروتاژ (Frottage) کہا جاتا ہے۔

آپ اس کے لیے پنسل، رنگین پنسل، یا کریونز استعمال کر سکتے ہیں۔

اس سرگرمی کے لیے آپ اپنے سامان کو اکٹھا کریں اور باہر جائیں۔



### مختلف بناوٹوں کو چھو کر ان کو جانیں

- مختلف سطحوں کو چھوئیں، جیسے مٹی، کنکریاں، پتھروں، پتوں، پھولوں، درختوں کی چھال وغیرہ۔
- کیا درخت کی چھال کی بناوٹ پتی کی بناوٹ جیسی محسوس ہوتی ہے؟
- مختلف بناوٹوں کی لکیروں، شکلوں اور رنگوں کا بغور جائزہ لیں۔
- ہر بناوٹ جو لکیریں اور پیٹرن بناتی ہے ان کا موازنہ کریں۔
- پتوں پر موجود لکیروں کا مشاہدہ کریں، جو درسی کتاب ہماری حیرت انگیز دنیا کے باب 4 میں دکھائی گئی ہیں۔

اگلے صفحے پر دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے اپنا فروتاژ تیار کریں۔

© NCERT not to be republished


## فروتاژ بنانے کا عمل

1. اپنی منتخب کردہ سطح پر کاغذ کا ایک ٹکڑا رکھیں۔
2. کاغذ کو سطح پر رکھ کر رنگین پنسل یا کریون سے اس پر رگڑیں۔
3. جو بناوٹ حاصل ہوئی ہے، اس کا جائزہ لیں۔
4. زیادہ تفصیلات حاصل کرنے کے لیے مزید دباؤ کے ساتھ رگڑیں۔
5. کاغذ کو مختلف سطحوں پر رکھیں اور یہ اقدامات دہرائیں۔

تمام فروتاژ آرٹ کے کام کو اگلی سرگرمی کے لیے جمع کریں۔









© NCERT not to be republished



★ سرگرمی 2.3 تنا اور شاخوں سے بنا کولاژ

کولاژ (Collage) مختلف مواد کو کسی سطح پر چپکانے کا عمل ہے تاکہ آرٹ کا کام تیار کیا جا سکے۔

## کولاژ بنانے کا عمل

1. کاغذ کے ٹکڑوں کو جوڑ کر ایک بڑی سطح تیار کریں۔ آپ پرانے اخبار یا بے کار کپڑے کا بڑا ٹکڑا استعمال کر سکتے ہیں۔
2. اپنی خواہش پوری کرنے والے درخت کا اسکیچ تیار کریں اور اس کے تنے اور شاخوں کو اپنے پہلے سے تیار کردہ اسکیچ کی بنیاد پر بنائیں۔
3. اپنے فروتاژ کے کام کو اکٹھا کریں (آپ مختلف بناوٹ والی چیزوں کو بھی شامل کر سکتے ہیں)۔
4. اپنے فروتاژ کے کام میں سے بناوٹوں کے پیٹرن کا انتخاب کریں اور اپنے دوستوں کے ساتھ بانٹیں اور تبادلہ کریں۔
5. فروتاژ کے کام کو تنے اور شاخوں کے خاکے میں ترتیب دے کر چپکائیں۔

استاد کے لیے نوٹ
یہ عمل 4 سے 5 طلبا کے چھوٹے گروپوں میں بھی کیا جا سکتا ہے۔

© NCERT not to be republished



## سرگرمی 2.4 پتّوں کو چھاپنا

کولاژ مکمل کرنے کے بعد اپنے درخت کی شاخوں میں پتے شامل کریں۔

### پتے سے چھپائی کرنے کا عمل

1. مختلف شکلوں، سائزوں اور بناوٹوں کے پتے جمع کریں۔
2. کچھ رنگ اور پانی کو ملا کر ایک کریمی پیسٹ بنائیں۔
3. اپنی انگلی، اسپنج یا برش سے پتے پر پیسٹ لگائیں۔
4. اسے مطلوبہ جگہ پر رکھیں اور زور سے دبائیں۔
5. اسے سطح سے احتیاط سے اٹھائیں۔
6. مختلف پتوں اور رنگوں کے ساتھ اس عمل کو دہرائیں۔
7. پتوں کو چھاپتے وقت نمونوں کی تخلیق کریں اور انھیں ترتیب دیں۔

اپنا درخت مکمل کریں اور اپنے دوستوں کو دعوت دیں کہ وہ اپنی خواہشات ظاہر کریں۔

**استاد کے لیے نوٹ**

یہ عمل 4 سے 5 طلبا کے چھوٹے گروپوں میں بھی کیا جاسکتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## جائزہ —باب 2 : فطرت میں بناوٹ

| سی جی | لیاقتیں | آموزشی ماحصل | استاد | طالب علم |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سی -1.1 | پودوں میں نظر آنے والے پیٹرن اور بناوٹوں کی عکاسی کرنا۔ | | |
| 2 | سی -2.1 | تکمیلی کام پیش کرنے سے پہلے ابتدائی پیٹرن بنانا اور آرٹ کے کام میں ترمیم کرنا۔ | | |
| 3 | سی -3.2 | کلاس میں مجموعی طور پر شرکت | | |

© NCERT not to be republished

طالب علم کے اوصاف کے بارے میں استاد کے تاثرات ____________________

____________________

طالب علم کی کمیوں کے بارے میں استاد کے تاثرات ____________________

____________________

کوئی اور مشاہدہ ____________________

____________________